| UG-A-171 | BUR-11 |
|---|---|

**U.G. DEGREE EXAMINATION – JUNE 2021**

**URDU**

**FIRST YEAR**

**PROSE**

**Time : 3 Hours** **Maximum Marks : 75**

ا۔ صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔ (5x15= 75)

1۔ ا۔ ذیل کے اقتباسات میں سے صرف تین کی بحوالہ متن تشریح کیجئے۔

(الف) ''دنیا میں کوئی قوم ایسی نہیں ہے جس نے خود ہی تمام کمالات اور تمام خوبیاں اور خوشیاں حاصل کی ہوں بلکہ ہمیشہ ایک قوم نے دوسری قوم سے فائدہ اٹھایا ہے مگر متعصب شخص ان نعمتوں سے بدنصیب رہتا ہے۔''

(ب) ''رسم کی پابندی ہر جگہ انسان کی ترقی کی مانع اور مزاحم ہے چنانچہ وہ پابندی ایسی قوت طبعی کے جس کے ذریعہ سے بہ نسبت معمولی باتوں کے کوئی بہتر بات کرنے کا قصد کیا جاوے برابر مخالف رہتی ہے اور انسان کی تنزل حالت کا اصلی باعث ہوتی ہے۔''

(ت) '' اس کا ہاتھ اس کے گلے میں اور اس کی ٹانگ اس کی کمر میں۔ اس کا کان اس کے منھ میں اور اس کا ٹینٹوا اس کے اس کے جبڑے میں۔ اس نے اس کو کاٹا اور اس نے اس کو پچھاڑ کر بھنبھوڑا۔ جو کمزور ہوا دم دبا کر بھاگ نکلا۔''

(د) ''او نورانی چہرے والے یقین کی اکلوتی خوبصورت بیٹی، امید۔ یہ خدائی روشنی تیرے ہی ساتھ ہے، تو ہی ہماری مصیبت کے وقتوں میں ہم کو تسلی دیتی ہے، تو ہی ہمارے آڑے وقتوں میں ہماری مدد کرتی ہے۔ تیری ہی بدولت نہایت ہی دور دراز خوشیاں ہم کو نہایت ہی پاس نظر آتی ہیں۔''

(ھ) ''ناموری کی مثال نہایت عمدہ خوشبو کی ہے جب ہوشیاری اور سچائی سے ہماری واجب تعریف ہوتی ہے تو اس کا ویسا ہی اثر ہوتا ہے جیسے عمدہ خوشبو کا۔ مگر جب کسی کمزور دماغ میں زبردستی سے وہ خوشبو ٹھونس دی جاتی ہے تو ایک تیز بو کی مانند دماغ کو پریشان کر دیتی ہے۔''

(و) ''اے ہمیشہ زندہ رہنے والی امید، جب کہ زندگی کا چراغ ٹمٹماتا ہے اور دنیاوی حیات کا آفتاب لب بام ہوتا ہے، ہاتھ پاؤں میں گرمی نہیں رہتی، رنگ فق ہو جاتا ہے، منہ پر مردنی چھاتی ہے، ہوا ہوا میں، پانی پانی میں، مٹی مٹی میں ملنے کو ہوتی ہے، تو تیرے ہی سہارے وہ کٹھن گھڑی آسان ہوتی ہے۔''

۲۔ سرسید احمد خاں کے سوانحی حالات بیان کرتے ہوئے ان کی شخصیت و سیرت کے نمایاں پہلو اجاگر کیجئے۔

۳۔ سرسید کی تعلیمی نظریات کی بابت اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

۴۔ سرسید احمد خان کی قائم کردہ سائنٹفک سوسائٹی کے اغراض و مقاصد کیا تھے۔ اس سے عوام میں جدید خیالات کس حد تک عام ہوئے مفصل بیان کیجئے۔

۵۔ سرسید نے تعلیم و تربیت کا کیا مفہوم بتایا ہے اور اپنا نقطۂ نظر اس بابت کیا تھا واضح کیجئے۔

۶۔ سرسید کا ''ریا'' کی مذمت کا طریقۂ کار کس نوعیت کا تھا اور اس سے بچے رہنے کے تدابیر پر مفصل روشنی ڈالئے۔

۷۔ مضمون 'امید کی خوشی' کا خلاصہ رقم کیجئے۔

۸۔ ''کاہلی'' انسان پر کیسے اثرات مرتب کرتی ہے اس کے تدارکی اقدامات کا حوالہ دیجئے۔

| UG-A-171 | BUR-11X |
|---|---|

**B.A. DEGREE EXAMINATION – JUNE 2021**

**URDU**

**FIRST YEAR**

**PROSE**

**Time: 3 Hours** **Maximum Marks: 70**

## SECTION A (3X3=9marks)

I۔ ذیل کے کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

۱۔ سرسید احمد خان کی جائے پیدائش کا نام لکھئے۔؟ کس سن میں سرسید پیدا ہوئے۔؟

۲۔ سرسید کے کوئی تین اہم تصانیف کے نام رقم کیجئے۔

۳۔ تفسیر القرآن سرسید کی انقلاب آفریں تصنیف ہے۔ مطلب کی جانب اشارہ کیجئے۔

۴۔ سائنٹفک سوسائٹی کا قیام کس سن میں عمل میں آیا؟

۵۔ محمڈن اینگلو اورینٹل کالج کے متعلق دو یا تین جملوں میں اپنی معلومات کا احاطہ کیجئے۔

## SECTION B (3X7=21marks)

II۔ کوئی تین سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔۔ ذیل کے اقتباسات کی تشریح بحوالہ مضمون کیجئے

۶۔ "ہمارے زمانے میں ہر شخص اعلیٰ سے لے کر ادنیٰ تک رسم و رواج کا ایسا پابند ہے جیسے کوئی شخص ایک بڑے زبردست حاکم کے نیچے اپنی زندگی بسر کرتا ہو۔"

۷۔ "لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ہاتھ پاؤں سے محنت نہ کرنا، کام کاج محنت مزدوری میں چستی نہ کرنا۔ اٹھنے، بیٹھنے چلنے میں سستی کرنا کاہلی ہے مگر یہ خیال نہیں کرتے کہ دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دینا سب سے بڑی کاہلی ہے"

۸۔ "جس شخص میں اخلاق ہے اور اعتقاد نہیں وہ شخص بہ نسبت اس شخص کے جس میں اعتقاد ہے اور اخلاق نہیں انسان کے لئے دنیا میں بہت زیادہ بہتری کر سکتا ہے اور میں اس قدر اور زیادہ کہتا ہوں کہ انسان کے لئے دین اور دنیا دونوں میں بھلائی کر سکتا ہے۔"

۹۔ "پڑھنے کے لئے چھٹی کا وقت جلس آنے کی خوشی میں کتابیں بغل میں کے مکتب کو میں چلا جاتا تھا۔ مکتب کا خیال آتے ہی اس کو اپنے ہم مکتب یاد آتے تھے، وہ اور زیادہ غمگین ہوتا تھا اور بے اختیار چلا اٹھتا تھا۔"

۱۰۔ ''وہ قومی بھلائی کا پیاسا، اپنی قوم کی بھلائی کی فکر کرتا ہے، دن رات اپنے دل کو جلاتا ہے، ہر وقت بھلائی کی تدبیریں ڈھونڈتا ہے، انکی تلاش میں دور دراز کا سفر اختیار کرتا ہے۔ یگانوں بیگانوں سے ملتا ہے، ہر ایک کی بول چال میں اپنا مطلب ڈھونڈتا ہے''

## SECTION C(4X10=40 marks)

III۔ ذیل کے صرف چار سوالوں کے تفصیلی جوابات قلمبند کیجئے۔

۱۱۔ سرسید کی مضمون نگاری کی چند اہم خصوصیات کا ذکر کیجئے۔

۱۲۔ سائنٹفک سوسائیٹی کے قیام کا کیا مقصد تھا۔ اس کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالئے۔

۱۳۔ سرسید احمد خان کی شخصیت و سیرت کے نمایاں پہلو اجاگر کیجئے۔

۱۴۔ مضمون 'امید کی خوشی' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

۱۵۔ سرسید کے مضمون کے حوالے سے اخلاق کی خوبیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہ کن کن باتوں پر اخلاق کو اعتقاد پر ترجیح دی جا سکتی ہے۔؟

۱۶۔ خوشامد سے انسان میں کونسی برائیاں پیدا ہونے کا امکان ہے واضح کیجئے۔

۱۷۔ سرسید کے چند اہم کارناموں پر تبصرہ کیجئے۔

# U.G. DEGREE EXAMINATION – JUNE 2021

## URDU

## FIRST YEAR

## GHAZALIYATH & RUBAIYATH

**Time: 3 Hours** **Maximum Marks: 75**

I صرف پانچ سوالوں کے جوابات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے جواب مساوی ہیں۔ (5x15=75)

نوٹ : پہلے دو سوالات کے جوابات لازمی ہیں

۱۔ ذیل کے اشعار میں سے صرف تین کی بحوالہ صنف و شاعر تشریح کیجئے۔

(الف) الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اس بیماری دل نے آخر کام تمام کیا

(ب) بوئے گل نالۂ دل دود چراغ محفل
جو تری بزم سے نکلا وہ پریشاں نکلا

(ج) یہ کمال عشق کی سازشیں، یہ جمال حسن کی نازشیں
یہ عنایتیں، یہ نوازشیں، مری ایک مشت غبار پہ

(د) جو مسرتوں میں خلش نہیں، جو اذیتوں میں مزا نہیں
ترے حسن کا بھی قصور ہے مرے عشق ہی کی خطا نہیں

(ھ) آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت
اسباب لٹا راہ میں یاں ہر سفری کا

(و) عاشقی صبر طلب اور تمنا بے تاب
دل کا کیا رنگ کروں خون جگر ہونے تک

۲۔ ذیل کی رباعیات میں سے کسی تین کی بحوالۂ شاعر تشریح کیجئے۔

(الف) ہر چیز مسبب سبب سے مانگو
منت سے خوشامد سے ادب سے مانگو
کیوں غیر کے آگے ہاتھ پھیلاتے ہو
بندے ہو اگر رب کے تو رب سے مانگو

(ب) گلشن میں پھروں کہ سیر صحرا دیکھوں
یا معدن کوہ و دشت و دریا دیکھوں
ہر جا تیری قدرت کے ہیں لاکھوں جلوے
حیراں ہوں کہ دو آنکھوں سے کیا کیا دیکھوں

(ج) کیا تم سے کہیں جہاں کو کیسا پایا
غفلت ہی میں آدمی کو ڈوبا پایا
آنکھیں تو بے شمار دیکھیں لیکن
کم تھیں بخدا جن کو بینا پایا

(د) ہے تیری نظر اوروں کے عیبوں پہ
کچھ اپنے عیوب کی بھی تجھ کو ہے خبر
پھر سر نہ اٹھائے گا ندامت سے کبھی
جب ڈالے گا تو اپنے گریباں میں نظر

(ہ) انسان ازل سے ہے جہول اور ظلوم
لے دے کے ہے بس ایک شعور موہوم
طفل ناداں ہے آئینے کے آگے
کس کا یہ عکس ہے اسے کیا معلوم

۳۔ میر کی غزل گوئی کی اہم خصوصیات پر اظہار خیال کیجئے۔

۴۔ غالب کے کلام کی امتیازی خصوصیات واضح کیجئے۔

۵۔ جگر کی حالات زندگی اور شخصیت پر اپنی معلومات کا اظہار کیجئے۔

۶۔ اردو میں رباعی کے ارتقا کا جائزہ لیجئے۔

۷۔ غزل کی تعریف کیجئے اور اس کے موضوعات پر روشنی ڈالئے۔

۸۔ اردو شاعری میں غزل کی اہمیت اجاگر کیجئے۔

| | |
|---|---|
| UG-A-172 | BUR-12X |

**B.A. DEGREE EXAMINATION – JUNE 2021**

**URDU**

**FIRST YEAR**

**GHAZALIYATH & RUBAIYATH**

**Time : 3 Hours** **Maximum Marks : 70**

**SECTION A (3X3=9marks)**

I۔ ذیل کے کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

۱۔ غزل کی تعریف دو تین جملوں میں کیجئے۔

۲۔ غزل میں شاعر اپنا تخلص کس شعر میں استعمال کرتا ہے؟

۳۔ رباعی میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

۴۔ کوئی دو رباعی گو شاعروں کے نام لکھئے

۵۔ انیس و دبیر اصل کس صنف شاعری کے لئے مشہور ہیں؟

**SECTION B ( 3X7=21 marks)**

II۔ کوئی تین سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ذیل اشعار کی تشریح بحوالہ شاعر اور صنف شاعری کیجئے

۶۔ ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

۷۔ آہ کو چاہئے اک عمر اثر ہونے تک
کون جیتا ہے تیری زلف کے سر ہونے تک

۸۔ دنیا کے ستم یاد نہ اپنی ہی وفا یاد
اب مجھ کو نہیں کچھ بھی محبت کے سوا یاد

۹۔ ہر چیز مسبب سبب سے مانگو
منت سے خوشامد سے ادب سے مانگو

۱۰۔ گلشن میں پھروں کہ سیر صحرا دیکھوں
یا معدن کوہ و دشت و دریا دیکھوں

SECTION C (4X 10 = 40 marks)

III۔ ذیل کے صرف چار سوالوں کے تفصیلی جوابات قلمبند کیجیے۔

۱۱۔ غزل کے فنی اصطلاحات کی وضاحت کیجیے۔

۱۲۔ اردو شاعری میں غزل کی اہمیت اجاگر کیجیے۔

۱۳۔ میر تقی میر کی غزل گوئی کی اہم خصوصیات پر اظہار خیال کیجیے۔

۱۴۔ غالب کے حالاتِ زندگی کا جائزہ لیجیے۔

۱۵۔ اردو میں رباعی کے ارتقا کا جائزہ لیجیے۔

۱۶۔ امجد حیدرآبادی بحیثیت رباعی گو شاعر تبصرہ کرتے ہوئے ان کی کوئی ایک رباعی کی تشریح کیجیے۔

۱۷۔ اکبرالہ آبادی کی رباعیوں کی نمایاں خصوصیات اجاگر کرتے ہوئے ایک مضمون لکھیے۔

| | UG-A-173 | BUR-13 |
|---|---|---|

# U.G. DEGREE EXAMINATION – JUNE 2021

## URDU

## FIRST YEAR

## HISTORY OF TAMIL LITERATURE & TEXT FOR TRANSLATION

**Time : 3 Hours** **Maximum Marks : 75**

I صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے مساوی نشانات ہیں۔ 5 x 15 =75.

آخری سوال کا جواب لازمی ہے۔

۱۔ تمل زبان کی قدامت پر اپنی معلومات کا انکشاف کرتے ہوئے اس زبان کے رسم الخط کی امتیازی خصوصیات بیان کیجئے۔

۲۔ تمل اخلاقی ادب میں تروکرل کا مقام متعین کیجئے۔ تروکرل کے مصنف کے حالات پر اپنی معلومات قلمبند کیجئے۔

۳۔ تمل کلاسکی ادب میں نظم ادب کی اہمیت اور اسکی انفرادی خصوصیات کی بابت معلومات فراہم کیجئے۔

۴۔ سیراپرانم کی اہمیت وافادیت پر بھی روشنی ڈالئے۔

۵۔ بھگتی دور کی چند اہم تصانیف کا سرسری جائزہ لیجئے۔

۶۔ تمل اسلامی ادب کے مسلم شعراء کی خدمات پر تفصیلی روشنی ڈالئے۔

۷۔ تمل ادب میں ناول کی ابتداء اور ارتقاء پر اپنی معلومات کا اظہار کیجئے۔

۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی تین پر مضمون رقم کیجئے۔

(الف) بھارتی داسن

(ب) پدوماتی شن

(ج) تمل لوک ادب

(د) تمل ادب کا جدید دور

(ہ) سلپدیکارم

| UG-A-173 | BUR-13X |
|---|---|

**U.G. DEGREE EXAMINATION – JUNE 2021**

**URDU**

**FIRST YEAR**

**HISTORY OF TAMIL LITERATURE & TEXT FOR TRANSLATION**

**Time : 3 Hours** **Maximum Marks : 70**

## SECTION A (3X3=9marks)

۱۔ ذیل کے کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

۱۔ ٹمل حروف جملہ (کل) کتنے ہیں۔؟ حروفِ اصلی، مادی حروف اور ترکیبی حروف کتنے کتنے ہیں؟

۲۔ ٹمل تحریر کتنے سال پرانی ہے؟

۳۔ سنگم دور کی کوئی دو مشہور تصانیف کے نام لکھیے۔

۴۔ تروکرل کے مصنف کا کیا نام تھا یہ تصنیف کتنے ابواب پر مشتمل ہے؟

۵۔ ٹمل کا سب سے پہلے قصیدہ کا کیا نام ہے؟

## SECTION B (3X7= 21 marks)

II۔ کوئی تین سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

۶۔ عمرو پلور کی شاعری پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

۷۔ سلپدی گارم پر اپنی معلومات کا احاطہ کیجیے۔

۸۔ بھارتی داسن کون تھے مختصر تعارف کروایے۔

۹۔ شیخ تمبی پاولر کے تعلق سے اپنی معلومات کا سرسری جائزہ لیجیے۔

۱۰۔ کوی کو عبدالرحمن کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

## SECTION C(4X10=40 marks)

III۔ ذیل کے صرف چار سوالوں کے تفصیلی جوابات قلمبند کیجیے۔

۱۱۔ ٹمل زبان دنیا کی قدیم ترین زبانوں میں نمایاں مقام ہے۔اس کے رسم الخط کی قدامت کی تاریخ پر مفصل نوٹ لکھیے۔

۱۲۔ ممل زبان وادب میں تروکرل کا مقام اعلیٰ ہے۔اس کے بغیر ممل ادب ادھورا ہے۔وجوہات پیش کرتے ہوئے مفصل مضمون رقم کیجئے۔

۱۳۔ ممل اسلامی ادب میں مسلم شعراً کی خدمات کی سراہنا کیجئے۔اور سیرا پرانم کی اہمیت پر اپنا اظہار خیال کیجئے۔

۱۴۔ ممل قصائد میں کمبر رما ئین کا مقام متعین کیجئے۔

۱۵۔ بھگتی ادب کی تعریف کیجئے اوراس کی خوبیوں کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

۱۶۔ ممل زبان وادب کے چند اصلاحی تصانیف کا تجزیہ کیجئے۔

۱۷۔ ممل زبان میں ناول کی ابتداء اورارتقاء کا حال مفصل قلمبند کیجئے۔

| UG-A-174 | BUR-21 |
|---|---|

**U.G. DEGREE EXAMINATION – JUNE 2021**

**URDU**

**SECOND YEAR**

**GRAMMAR**

**Time : 3 Hours** **Maximum Marks : 75**

I صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے مساوی نشانات ہیں۔ 5 x 15 =75.

آخری سوال کا جواب لازمی ہے۔

۱۔ اسم کا مفہوم سمجھائیے ۔ اسم عام اور اسم خاص کے کل اقسام کی وضاحت مع امثلہ کیجئے۔

۲ معنی کے اعتبار سے صفت کے جملہ اقسام کتنے ہیں بھی اقسام کی وضاحت مع امثلہ کیجئے۔

۴۔ ضمیر کا مفہوم بتلاتے ہوئے اس کے جملہ اقسام کا تفصیلی جائزہ لیں۔ اور مثالیں بھی پیش کیجئے۔

۵۔ بے جان کی تذکیر و تانیث کے قواعد سے آگاہ کرتے ہوئے مثالیں بھی رقم کیجئے۔

۶۔ معنی کے اعتبار سے فعل کی کل کتنی قسمیں ہیں ہر ایک کا جائزہ مع امثلہ کیجئے۔

۷۔ معنوی لحاظ سے جملوں کے کل اقسام گنوائیے۔ ہر ایک قسم کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجئے۔

۸۔ ذیل میں سے کسی تین پر وضاحتی نوٹ رقم کیجئے۔

(الف) حروف ربط

(ب) مشابہ فعل

(ج) اسم آلہ

(د) مبتدا اور خبر کی توسیع

(ھ) الف مقصورہ

(و) اسم فاعل

| UG-A-175 | BUR-22 |
|---|---|

**U.G. DEGREE EXAMINATION – JUNE 2021**

**URDU**

**SECOND YEAR**

**HISTORY OF DAKNI URDU LITERATURE**

**Time: 3 Hours** **Maximum Marks: 75**

I صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے مساوی نشانات ہیں۔ 5 x 15 =75.
آخری سوال کا جواب لازمی ہے۔

۱۔ دکنی ہندوستان میں اردو کی ابتداء اور ارتقاء کی بابت اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

۲۔ بہمنی دور کی ادبی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

۳۔ قطب شاہی دور کی تاریخ سے آگاہی بخشتے ہوئے اس دور کے کسی دو شعراء کی حالات زندگی اور شاعری پر تبصرہ کیجئے۔

۴۔ ابن نشاطی کی مثنوی ''پھول بن'' کی مرقع کشی اور جذبات نگاری پر مفصل نوٹ لکھئے۔

۵۔ دکن میں اردو مرثیہ نگاری کے آغاز و ارتقاء پر ایک نوٹ لکھئے۔

۶۔ سراج اورنگ آبادی کے کلام کی خصوصیات واضح کیجئے۔

۷۔ گجرات کے صوفیائے کرام کی اردو خدمات کا جائزہ لیجئے۔

۸۔ کسی تین پر تفصیلی نوٹ لکھئے۔

(الف) دکن میں اردو مثنوی نگاری۔

(ب) قطب مشتری

(ج) کلمۃ الحقائق

(د) سب رس

(ھ) عادل شاہی دور کی ادبی خدمات

(و) دکن کے صوفیائے کرام

# U.G. DEGREE EXAMINATION – JUNE 2021

## URDU

## SECOND YEAR

## HISTORY OF ARABIC LITERATURE & TEXT FOR TRANSLATION

**Time : 3 Hours** **Maximum Marks : 75**

I صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے مساوی نشانات ہیں۔ 5 x 15 =75.

آخری سوال کا جواب لازمی ہے۔

۱۔ عربی زبان کی ابتداء اور ارتقاء کے بارے میں آپ کی معلومات قلمبند کیجئے۔

۲۔ عربی زبان کی امتیازی خصوصیات۔ اور اس کو دنیا کی قدیم ترین مروجہ زبانوں پر امتیازی حیثیت کیوں حاصل تھی۔ واضح کیجئے۔

۳۔ زمانۂ جاہلیت کی شاعری پر تفصیلی نوٹ لکھئے۔

۴۔ امراؤالقیس کی شاعری سے متعلق آپ کیا جانتے ہیں، ایک مفصل مضمون رقم کیجئے۔

۵۔ کن وجوہات کی بنا حضرت حسان بن ثابتؓ کو تمام شعراء پر کیوں فوقیت حاصل تھی واضح کیجئے۔

۶۔ فن خطابت میں سحبان وائل کا مقام و مرتبہ متعین کیجئے۔

۷۔ ذیل کی عربی عبارتوں کا اردو ترجمہ کیجئے۔

(الف) من عرف نفسه فقد عرف ربّه

(ب) الصلوٰة عماد الدين

(ج) طلب العلم فريضة” علىٰ كلّ مسلم

(د) اياك نعبدُ وَاياك نستعين

(ه) خيركم من تعلّم القراٰن وعلّمه‘

(و) العلم نعمة للانسان

(ز) الحمد للّٰهِ ربّ العالمين۔

(ح) الادب شيئٌ عظيم۔

(ط) اذكر اللّٰه ذكراً كثيراً

(ى) شرف الانسان بالعلم والادب

۸۔ ذیل میں سے کسی تین پر تفصیلی نوٹ لکھئے۔

(الف) الخنساء

(ب) احنف بن قیس

(ج) عمرو بن کلثوم کی شاعری

(د) حجاج بن یوسف

(ہ) النابغہ ذبیانی

(و) اعشیٰ قیس

| | |
|---|---|
| UG-A-177 | BUR-31 |

**U.G. DEGREE EXAMINATION - JUNE 2021**

**URDU**

**THIRD YEAR**

**MNZOOMATH**

**Time : 3 Hours** **Maximum Marks : 75**

صرف پانچ سوالوں کا مفصل جواب تحریر کیجیے ۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں
آخری سوال کا جواب لازمی ہے : (5x15=75)

۱. موضوع اور ہیئت کے اعتبار سے نظم کی تعریف کرتے ہوئے اس کی کل اقسام پر مفصل مضمون تحریر کیجیے ۔

۲. نظیر اکبر آبادی کی نظم نگاری، نظم کے موضوعات پر ایک تفصیلی مضمون رقم کیجیے ۔

۳. "بنجارہ نامہ" نظم کا خلاصہ لکھیے ۔

۴. علامہ اقبال کی نظم "ہمالہ" حب الوطنی کی ایک لاجواب مثال ہے ۔ ثابت کیجیے کہ علامہ ایک حب الوطن شاعر ہیں ۔

۵ نظم "شعاع امید" کا تفصیلی جائزہ لیجیے ۔

۶. فیض کی نظم "مجھ سے پہلی سی محبت میری محبوب نہ مانگ" کا تجزیہ اپنے الفاظ میں کیجیے ۔

۷. فیض کی نظموں کے حوالے سے یہ ثابت کیجیے کہ وہ ایک ترقی پسند شاعر تھے ۔

۸ ۔ ذیل کے اشعار میں سے کسی پانچ کی تشریح بحوالۂ صنف و شاعر کیجیے

(الف) تو اور کی تعریف کر تجھ کو ثناخوانی ملے
کر مشکل آسان اور کی، تجھ کو بھی آسانی ملے

(ب) یہ دھوم دھڑکا ساتھ لیے کیوں ہوتا ہے جنگل جنگل
اک تنکا ساتھ نہ جاوے گا موقوف ہوا جب ان اور جل

(ج) دروازے پر زمانے بجاتے ہیں تالیاں
اور گھر میں سبھی ڈومنی دیتی ہے گالیاں

(د) آفاق کے ہر گوشے سے اٹھتی ہیں شعاعیں
بچھڑے ہوئے خورشید سے ہوتی ہیں ہم آغوش

(ہ) تجھ میں کچھ پیدا نہیں دیرینہ روزی کے نشاں
تو جواں ہے گردش شام و سحر کے درمیاں

(و) یہ وہ سحر تو نہیں جس کی آرزو لے کر
چلے تھے یار کہ مل جائے گی کہیں نہ کہیں

(ز) جگر کی آگ، نظر کی امنگ، دل کی جلن
کسی پہ چارۂ ہجراں کا کچھ اثر ہی نہیں

(ح) ان تازہ خداؤں میں بڑا سب سے وطن ہے
جو پیرہن اس کا ہے وہ مذہب کا کفن ہے

| | |
|---|---|
| UG-A-178 | BUR-32 |

**U.G. DEGREE EXAMINATION - JUNE 2021**

**URDU**

**THIRD YEAR**

**NOVEL**

**Time : 3 Hours** **Maximum Marks : 75**

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

آخری سوال کا جواب لازمی ہے۔ (5 x 15 = 75)

۱. ناول کی تعریف کیجیے اور اسکے اہم فنی عناصر کون کونسے ہیں ان کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

۲. زبانِ اردو میں ناول کے آغاز و ارتقا پر مفصل مضمون لکھیے۔

۳. ناول "ضدی" میں عصمت چغتائی نے دو طبقات کی محبت کو یکجا کرنے کی کوشش کی ہے۔ ایک تبصرہ اپنے الفاظ میں مفصل لکھیے۔

۴۔ ناول "ضدی" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

۵۔ پورن کو عشق میں ناکامی ہوئی۔ اسکے بعد پورن نے اپنی ذات، سماج اور خاندان سے کسطرح کا انتقام لیا۔

۶۔ آشا کی محبت کو ختم کرنے کے لئے پورن کے گھر والوں نے کون کون سے تدابیر اختیار کرتے ہیں۔ تفصیل سے اسکا انکشاف کیجیے۔

۷ - خواتین ناول نگاروں میں عصمت چغتائی کا مقام و مرتبہ متعین کیجیے۔

۸ - ذیل کے کسی تین اقتباسات کی بحوالۂ متن تشریح کیجیے۔

(الف) "گھر آیا تو دراز میں سے پھول نکال کر دیکھنے لگا۔ یہ وہی پھول تھے لال لال صبا کے گالوں جیسے لال لال پھول جو جھیر کی نے لگائے تھے۔ اور وہی دھرتی آشا کی خاک کو نگل چکی تھی۔ اب یہ پھول سیاہ پڑ چلے تھے۔ جیسے جما ہوا مردہ خون"

(ب) "وہ پریم کرتی ہے۔ بہن نا۔ کرنے دو اسے۔ تم نے کبھی پریم نہیں کیا۔ تم نے کبھی ایسے پریم نہیں کیا کہ تم اس میں بھسم ہو گئے ہو۔ کیا میں روکوں؟ نہیں بھیا! اسے پریم نہیں دے سکتا تو پھر پریم کی بھیک کسی دوسرے سے مانگتی ہے تو کیسے روکوں؟

(ج) "پہلے تو یہ چھوکریاں انجن گاڑی کے آگے لیٹ جاتی ہیں اور پھر جب کچل جاتی ہیں تو ہائے تو بہ مچاتی ہیں۔ بدنامی، بے عزتی اور دنیا بھر کی

دھمکیاں لے بیٹھتی ہیں اور اپنا عیب غریب سماج کے سر تھوپتی ہیں ۔
خدا کی شان ہے ۔ پھر بھی دنیا ان ہی کے ساتھ ماتم میں شریک ہو جاتی ہے"

(د) "مگر عورت؟ وہ کتنی مختلف ہوتی ہے ۔ اس کا دل ہر وقت سہما رہتا ہے ۔ ہنستی ہے تو ڈر کے، مسکراتی ہے تو جھجک کر، قدم قدم پر اسے اپنے راز کے ہی کھلنے کا ڈر لگا رہتا ہے کیا ہوگا ۔؟ کیسے ہوگا ۔؟ یہ ہوا تو ...... ؟ اور پھر کم بخت ناقص العقل ہے"

(ھ) " یہ عورت ذات بھی کس قدر ڈھکوسلہ باز ہے اور خصوصاً وہ عورتیں جو خود کو نیک اور پاکباز کہے جانے کا آبائی حق رکھتی ہیں ۔ مگر ذرا میاں بیمار یا بوڑھا ہوا اور اس سا تھ وہی سلوک شروع ہو جاتا ہے ۔ جو دودھ سوکھ جانے کے بعد قصائی گائے کے ساتھ روا رکھتا ہے اور ذرا سا بہانہ پر رنڈی کا پیشہ اختیار کر کے دنیا سے ہمدردی وصول کرنے لگتی ہے۔"

**U.G. DEGREE EXAMINATION - JUNE 2021**

**URDU**

**THIRD YEAR**

**LITERARY CRITICISM**

**Time: 3 Hours** **Maximum Marks: 75**

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔
آخری سوال لازمی ہے۔ (5x15=75)

۱. تنقید کا مفہوم بتاتے ہوئے اردو تنقید کی تاریخ پر روشنی ڈالیے۔

۲۔ کسی ادب کے عروج کے لئے تنقید کیوں ضروری ہے؟ اسکی اہمیت اور ضرورت کی وضاحت کیجئے۔

۳. علامہ شبلی نعمانی کے تنقیدی نظریات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

۴۔ ارسطو کے نظریۂ تنقید پر وضاحتی مضمون تحریر کیجئے۔

۵۔ نقاد کے فرائض اور اسکی اہمیت پر واضح روشنی ڈالئے۔

۶۔ مولانا الطاف حسین حالی بحیثیت باضابطہ نقاد ہیں ایک مفصل مضمون رقم کیجئے۔

۷۔ تحقیق اور تنقید کے اصول جملہ اصول تحریر کیجئے اور اسکے باہمی رشتہ کو اجاگر کیجئے۔

۸۔ ذیل کے کسی تین پر وضاحتی نوٹ تحریر کیجئے۔

(الف) ترقی پسند تنقید

(ب) جمالیاتی تنقید

(ج) مقدمہ شعر و شاعری

(د) سائنٹفک تنقید

(ہ) اسلوبیاتی تنقید

**U.G. DEGREE EXAMINATION - JUNE 2021**

**URDU**

**THIRD YEAR**

**PROSODY AND RHETHORIC**

**Time: 3 hours** **Maximum Marks: 75**

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں
آخری سوال لازمی ہے۔ (5x15 = 75)

۱. علم بیان کیا ہوتا ہے اسکا مفہوم سمجھاتے ہوئے۔ مجاز اور کنایہ کا تجزیہ مع مثالوں کے کیجیے۔

۲. علم عروض کی تعریف کیجیے۔ وزن، بحر۔ ارکان بحور اور تقطیع سے کیا مراد ہے واضح کیجیے۔

۳. علم بدیع کی تعریف کیجیے۔ صنائع لفظی اور صنائع معنوی کی تعریف مع امثلہ کیجیے۔

۴۔ تشبیہ اور ارکان تشبیہ سمجھاتے ہوئے مثالیں تحریر کیجیے۔

۵۔ استعارہ کسے کہتے ہیں تعریف کیجیے۔ استعارہ کی جملہ اقسام کا تذکرہ کرتے ہوئے مثالیں دیجیے۔

۶۔ نثر کی کل قسمیں بہ اعتبار لفظ اور معنی کتنی ہیں۔ ہر ایک کی وضاحت مع امثلہ کیجیے۔

۷۔ حروفِ ملفوظی یا غیر ملفوظی کی وضاحت مع مثالوں کے کیجیے۔

۸۔ ذیل میں سے کسی تین پر وضاحتی نوٹ لکھیے۔

(الف) مثنوی

(ب) قصیدہ

(ج) تجاہل عارفانہ

(د) شہر آشوب

(ہ) عاری

**U.G. DEGREE EXAMINATION - JUNE 2021**

**URDU**

**THIRD YEAR**

**URDU JOURNALISM**

**Time: 3 hours** **Maximum Marks: 75**

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔
آخری سوال لازمی ہے۔ (5 x 15 = 75)

۱۔ ہندوستان میں اردو صحافت کا آغاز کب ہوا۔ صحافت کے آغاز و ارتقا پر مفصل نوٹ لکھیے۔

۲۔ صحافتی اخلاقیات پر وضاحتی نوٹ لکھیے۔

۳۔ صحافت کس وجہ سے ضروری ہے۔ اسکی اہمیت و افادیت بیان کیجیے۔ اور صحافت کے تمام وسائل کی نشاندہی کیجیے۔

۴۔ ایڈیٹر اور سب ایڈیٹر کی ذمہ داریوں سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

۵۔ خبر کسے کہتے ہیں اسکی تعریف کیجیے۔ خبر کے تمام اجزائے ترکیبی کا تجزیہ کیجیے۔

۶۔ خبر نگار یا خبر نویس کے جملہ اوصاف بیان کیجیے۔

۷۔ تمل ناڈو میں اردو صحافت کا آغاز اور یہاں کے اخبارات کا احوال مفصل طور پر رقم کیجیے۔

۸۔ ذیل کے کسی تین پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(الف) انٹرویو
(ب) جرائم اور جنس
(ج) فیچر نگاری
(د) رپورتاژ
(ہ) کالم نگاری